۹۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اپنی حفاظت کے لیے اسلحہ رکھنے کا حکم دیا ہے۔ کیا اب بھی لائسنس لینا ضروری ہے؟

۱۰۔ حضرت سلیمانؑ اور بلقیس کا نکاح ہوا تھا یا نہ؟

۱۱۔ زلیخا کو اس کے جرم پر مطعون کیا جا سکتا ہے؟

۱۔ عورت کے سر کے بال:

ستر میں داخل ہیں، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا ارشاد ہے کہ جب لڑکی بالغ ہو جائے تو اس کے چہرہ اور دونوں ہتھیلیوں کے سوا اس کا کچھ اور حصہ نظر نہ آئے:

"یَا اَسْمَاءُ اِنَّ الْمَرْأَۃَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِیْضَ لَمْ یَصْلُحْ اَنْ یُّرٰی مِنْھَا اِلَّا ھٰذَا وَھٰذَا وَاَشَارَ اِلٰی وَجْھِہٖ وَکَفِّہٖ"

(ابوداؤد)

نیز فرمایا:

"اَلْجَارِیَۃُ اِذَا حَاضَتْ لَمْ یَصْلُحْ اَنْ یُّرٰی مِنْھَا اِلَّا وَجْھُھَا وَیَدَاھَا" (ابوداؤد)

۲۔ نیک عورتوں کے لیے نیک مرد:

نیک عورتوں کے لیے نیک مرد ہوں گے:

" اَلصَّالِحَاتُ لِلصَّالِحِیْنَ" (طبرانی عن لقیط بن عامر حادی الانام الی دار السلام ص۸۹)

۳۔ مدرکِ تشہد مدرکِ جمعہ ہوگا:

کیونکہ تکبیر سے سلام پھیرنے تک جو نماز ہے وہی نمازِ جمعہ بھی ہے، جتنی باقی رہ گئی وہ ادا کرے:

"عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللہِ مَنْ اَدْرَکَ التَّشَھُّدَ فَقَدْ اَدْرَکَ الصَّلٰوۃَ" (ابن ابی شیبۃ ص ۱۳۱/۲)

۴۔ ذبح کے وقت جذبات:

ذبح کے وقت اگر ترس آتا ہے تو رحم دلی کی بات ہے، مبارک ہے، تاہم